7310-رمضان میں غسل جنابت کو طلوع فجر تک موخر کرنا

سوال

کیا غسل جنابت کو طلوع فجر تک موخر کرنا جائز ہے ؟
اور کیا عورتیں حیض اور نفاس کے غسل کو طلوع فجر تک موخر کر سکتی ہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر عورت طلوع فجر سے پہلے طہر کو دیکھ لے تو اس پر روزہ رکھنا لازم ہے اور اس میں کوئی مانع نہیں کہ وہ غسل کو طلوع فجر کے بعد تک موخر کرے لیکن اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ غسل کو طلوع شمس تک موخر کرے اور اسی طرح جنبی کے لئے بھی طلوع شمس کے بعد تک موخر کرنا جائز نہیں آدمی کو چاہئے کہ وہ جتنی جلدی ہو سکے غسل کر لے تا کہ فجر کی نماز با جماعت ادا کر سکے .